5248 ـ سورۃ فاتحہ سے قبل کوئی اور سورۃ پڑھنا سنت نبویہ کی مخالفت ہے

سوال

کیا نماز میں سورۃ فاتحہ سے قبل کوئی سورۃ پڑھنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نماز میں سورۃ فاتحہ سے قبل کوئی اور سورۃ پڑھنی جائز نہیں، بلکہ سورۃ فاتحہ سے قبل دعائے استفتاح، اعوذ باللہ، اور بسم اللہ پڑھی جائیگی.

جس نے سورۃ فاتحہ سے قبل کوئی سورۃ پڑھی وہ سنت نبویہ کی مخالفت کر رہا ہے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:ط

" نماز اس طرح ادا کرو جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے "

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں سورۃ فاتحہ سے قبل قرآن مجید کی کوئی اور سورۃ نہیں پڑھا کرتے تھے، بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو سورۃ فاتحہ سے قبل دعائے استفتاح مثلا:

" وجهت وجهي للذي فطر السماوات والأرض حنيفاً مسلماً وما أنا من المشركين ، إن صلاتي ونسكي ومحياي ومماتي لله رب العالمين لا شريك له وبذلك أمرت وأنا أول المسلمين اللهم أنت الملك لا إله إلا أنت، أنت ربي و أنا عبدك، ظلمت نفسي، واعترفت ذنبي، فاغفرلي ذنوبا جميعا إنه لا يغفر الذنوب إلا أنت، واهذني لأحسن الأخلاق لا يهدي لأحسنها إلا أنت، واصرف عني سئيها لا يصرف عني سئيها إلا أنت، لبيك و سعديك، والخير كله بيديك، والشر ليس إليك، أنا بك و إليك تباركت و تعاليت، أستغفرك، وأتوب إليك "

میں نے اپنا چہرہ اس ہستی کی طرف پھیر لیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا یك طرفہ ہو، اور میں مشرکوں میں سے نہیں، میری بدنی عبادت، میری قربانی، میری زندگی، میری موت اللہ رب العالمین کے لیے ہے، اس کا کوئی شریك نہیں اور مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے، اور میں مسلمانوں میں سے ہوں، اے اللہ تو ہی بادشاہ ہے تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں، تو ہی میرا رب ہے، میں تیرا بندہ ہوں، میں نے اپنے آپ پرظلم کیا اور اپنے گناہ کا اعترف کرتا ہوں، پس مجھے میرے سارے گناہ بخش دے، کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں، اور مجھے سب

سے اچھے اخلاق کی ہدایت نصیب فرما، سب سے اچھے اخلاق کی ہدایت تیرے علاوہ کوئی نہیں دے سکتا، اور مجھ سے برے اخلاق دور کردے، تیرے علاوہ برے اخلاق کوئی نہیں ہٹا سکتا، حاضر ہوں میں حاضر ہوں اور بھلائی سب تیرے ہاتھوں میں ہے، ا ور برائی تیری طرف نہیں میں تیری توفیق سے ہوں، اور تیری طرف متوجہ ہوں، تو بابرکت اور بلند ہے، میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں، اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں.

پڑھا کرتے تھے.

دیکھیں: صفة صلاة النبی صلی اللہ علیہ وسلم للالبانی (59 - 97).

واللہ اعلم .